**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ 19-04-2023**

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | مستقبل کے چیلنجز کو مدنظر رکھ کر منصوبہ بندی کی جائے، گورنر۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | بڑھتی ہوئی آبادی اور صحت کی سہولیات کی عدم فراہمی سے متعلق وزیراعلیٰ ٹاسک فورس کا اجلاس۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 03 | کوئٹہ کے شہری کی فریاد صدر مملکت نے سن لی ہدایات جاری۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 04 | آئندہ مالی سال کا بجٹ عوام کی ترقی وخوشحال کا باعث بنے گا زمرک اچکزائی۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 05 | چیف سیکرٹری کی زیرصدارت اجلاس سیاسی جماعتوں کا مردم شماری کی مدت مین ایک ماہ اضاف کا مطالبہ | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | 4 روز کریک ڈاؤن میں 25 کروڑ مالیت کی چینی قبضے میں لی، چیف کلکٹر کسٹم۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 07 | صوبائی کمشین برائے اقلیتی امور بلوچستان کا پہلا التعارفی اجلاس سیکرٹری نے بریفنگ دی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 08 | کوئٹہ میں آبادی کی کمی کی بڑی وجہ عدم دلچسپی بلوچستان کے میں 94 فیصد مردم شماری مکمل۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | بلوچستان حکومت نے عیدالفطر پر قیدیوں کی سزا میں دوماہ کی تخفیف کردی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 10 | پشتون اس ملک کے شہری آئین انہیں تعلیم تجارت کا حق دیا ہے، پشتونخواملیپ۔ | 92 ودیگراخبارات |
| 11 | پنجاب میں 90 دن میں الیکشن اور خیبر پشتونخوا کیلئے خاموشی اصل جنگ تحت لاہور کی ہے نواب رئیسانی۔ | سینچری ودیگراخبارات |
| 12 | کوئٹہ مردم خانہ شماری میں آبادی کا کم ہونا المیہ ہے آل پارٹیز۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 13 | مردم شماری میں کوئٹہ کی آبادی 22 لاکھ سے کم ہوگئی بی این پی۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 14 | وڈیرہ یا سردار کا بیٹا تو آج جیل سے باہر ہوتا مولانا ہدایت الرحمان۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| | | |

## امن وامان :

پولیس فائرنگ کا تبادلہ 2 رہزن ہلاک عوام کے تعاون سے جرائم کا خاتمہ کرینگے زوہیب محسن، کوئٹہ پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائی 14 ملزمان گرفتار، نوحصار میں فائرنگ سے سیکورٹی گارڈ جاں بحق، نوجوان سے موٹرسائیکل چھین لی گئی۔

## عوامی مسائل:

تنخواہوں کی عدم ادائیگی میونسپل کارپوریشن ملازمین نے دفتر کو تالے لگادیئے، عید قریب آتے ہی ڈکیتی وارداتوں میں اضافہ انتظامیہ غافل، وفاق کے حکم پر

Scanned with CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 19-04-2023

**اداریہ :**

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "اسمگلر منافع خور اور ذخیرہ اندوز مافیا کے خلاف ملک گیر کریک ڈاؤن " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف نے واضح کیا ہے کہ عوام کو سمگلروں ناجائز منافع خوروں اور ذخیرہ اندوزوں کے رحم وکرم پر نہیں چھوڑا جاسکتا اوں کو ستانے والے عناصر سے حساب لیا جائے گا چینی کی اسمگلنگ ذخیرہ اندوزی اور منافع خوری کے خلاف ملک گیر کریک ڈاؤن کر کے ملوث کرداروں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹنا اور سخت سزائیں دی جائیں گی انہوں نے چینی کی قیمت کنٹرول کرنے کے لئے موثر اقدامات بروئے کار لاۓ اور ذخیرہ اندوزوں سے پکڑی جانے والی چینی عوام کو ارازوں نرخوں فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ بلوچستان حکومت نے بھی آٹے اور گندم سمیت غذائی اشیاء کی بیرون ملک اسمگلنگ اور ذخیرہ اندوازی روکنے کے لئے وفاقی ہدایت پر خصوصی اقدامات اٹھانے کی منظوری دی ہے۔

**اداریہ** : روزنامہ مشرق نے "توسیع تر ڈائیلاگ یا ایک نکاتی ایجنڈا مکالمہ ناگزیر ھے " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین :**

روزنامہ سینچری ایکسپریس نے "بلوچستان کے سیاسی و سماجی حلقوں کے مردم شماری پر تحفظات " کے عنوان سے مضمون رضا الرحمٰن کا تجزیہ تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

Scanned with CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

Daily: JANG QUETTA

DATE: 19 APR 2023

## مستقبل کے تقاضوں کو مدنظر رکھ کر منصوبہ بندی کی جائے، گورنر

[illegible]

شہریوں کو تکالیف میں دیکھ کر دل رنجیدہ ہو جاتا ہے، دکھوں کا مداوا کیا جائے، سڑکوں کی خستہ حالی پر تشویش کا اظہار

کوئٹہ (اے پی پی) گورنر ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا ہے کہ خطے میں رونما ہونے والی معاشی تبدیلیوں کا ایک اہم ملک بلوچستان ہے [illegible] گوادر [illegible] طویل ساحلی پٹی کے باعث یہاں بلیو اکانومی کی ترقی اور میرین سائنسز کے فروغ کے حوالے سے لسبیلہ یونیورسٹی پر بڑی ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں لسبیلہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر دوست محمد بلوچ اور پرو وائس چانسلر ڈاکٹر جلال فیض سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر کاکڑ نے کہا کہ ہمیں مستقبل قریب کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے منصوبہ بندی کرنی چاہئے۔ اس ضمن میں لسبیلہ یونیورسٹی سمندری تجارت سے استفادہ کرنے اور بلیو اکانومی کو مستحکم بنانے میں اہم کردار ادا کرسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کی جدید تحقیق و تخلیق سے بھرپور استفادہ کرکے ہی ہم صوبے بھر کے اعلیٰ تعلیمی اداروں میں صحتمند ماحول کو فروغ دینے، تعلیمی معیار کو اونچا کرنے اور درس و تدریس کے طریقہ کار کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے میں کامیاب ہوسکتے ہیں۔

کوئٹہ (اے پی پی) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان نے کہا ہے کہ کوئٹہ کے شہریوں کو مختلف تکالیف میں دیکھ کر دل رنجیدہ ہو جاتا ہے [illegible] شہریوں کے دکھوں کا مداوا کرنے کیلئے [illegible] مضافاتی علاقوں کا دورہ کریں تاکہ شہری [illegible] لے سکیں۔ یہ بات انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں [illegible] طارق بلوچ کی موجودگی میں [illegible] سے گفتگو میں کی۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان نے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں جگہ جگہ کچرے کے ڈھیر اور سڑکوں کی خستہ حالی پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ شہر میں ایسی سڑکیں بھی ہیں جن پر پچھلے پندرہ بیس سال سے مرمت کی کسی نے زحمت بھی نہیں کی۔ ملک عبدالولی خان کاکڑ نے شہر کی صفائی اور ماحول کی بہتری کیلئے تمام متعلقہ شعبوں کو اپنی ذمہ داریاں نبھانے، سٹریٹ لائٹس، ٹریفک سگنلز بحال کرنے اور ملازمین کی حاضری کو یقینی بنانے کی خصوصی ہدایت کی۔ انہوں نے متعلقہ حکام پر زور دیا کہ وہ شہر کے مختلف علاقوں میں عام لوگوں، دکانداروں اور تاجروں سے رابطہ رکھیں اور ان کے مسائل معلوم کریں۔ گورنر بلوچستان نے اس بات پر زور دیا کہ صوبائی اسمبلی سے ایوب اسٹیڈیم تک اور شہباز ٹاؤن سے بے نظیر بھٹو لیڈیز پارک تک گھومنے والے آوارہ جانوروں، گائیوں اور بچھڑوں کا فوری طور پر تدارک کیا جائے۔

MASHRIQ QUETTA

## گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے [illegible] کی ملاقات

[illegible]

Scanned with CamScanner

-IPPING SERVICE

-ATIONS ت عامه ستان
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

Daily Balochistan Time Que

DATE: 19 APR 2023

# Governor stresses steps for promoting blue economy

Staff Report

**QUETTA:** Governor Balochistan Malik Abdul Wali Khan said that Balochistan is an important link in the economic changes taking place in the region. Gwadar is the shining jewel in the crown of a great project like CPEC.

Due to the long coastline, there are vast opportunities for the development of the blue economy and the promotion of marine sciences. He expressed these views while talking to the Vice Chancellor of Lasbela University Professor Dr. Dost Mohammad Baloch and the Pro-Chancellor Dr. Jalal Faiz at Governor House Quetta on Tuesday.

On this occasion, Balochistan Governor Malik Abdul Wali Khan Kakar said that we should plan keeping in mind the requirements of the near future. In this regard, Lasbella University can play an important role in making use of maritime trade and stabilizing the blue economy.

He said that only by making full use of the world's modern research and innovation, we can promote a healthy environment in the higher education institutions across the province, raise the educational standard and harmonize the teaching and learning methods with the modern requirements.

Governor Balochistan Malik Abdul Wali Khan said that seeing the citizens of the provincial capital Quetta in various difficulties makes his heart sad. He urged the DC Quetta and the administrator to visit the city of Quetta and its suburbs every day to heal the sufferings of the citizens of Quetta so that all the citizens can breathe Sikh.

Scanned with CamScanner

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

DATE: 19 APR 2023

Page No: 3


## محکمہ پاپولیشن کو فعال کرنا ہوگا، صوبے کی آبادی 12.3 کے تناسب سے بڑھ رہی ہے، صوبائی ٹاسک فورس

بلوچستان میں ایک لاکھ 40 ہزار بچے غیر ارادی طور پر پیدا ہو رہے ہیں، بڑھتی ہوئی آبادی کسی چیلنج سے کم نہیں، صوبائی وزراء

صحت کی کم سہولیات کے باعث بلوچستان میں 29000 بچے سالانہ کی بنیاد پر مر رہے ہیں، مختلف محکموں کے افسران کی بریفنگ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان و چیئرمین صوبائی ٹاسک فورس آن پاپولیشن میر عبدالقدوس بزنجو کی ہدایت پر بلوچستان کو درپیش بڑھتی ہوئی آبادی کے چیلنجز، خاندانی منصوبہ بندی، بچوں کی پیدائش میں وقفہ بڑھانے اور بڑھتی ہوئی آبادی کے باعث ........

بقیہ 7 صفحہ نمبر 9 پر

صحت کی سہولیات کے فقدان سے متعلق صوبائی ٹاسک فورس کے پہلے اجلاس میں صوبائی وزراء نور محمد دمڑ، سید احسان شاہ، صوبائی مشیر سردار مسعود خان لونی، صوبائی سیکرٹری بہبود آبادی، سیکرٹری سماجی بہبود، سیکریٹری ترقی نسواں، اقوام متحدہ کی نمائندہ برائے خاندانی منصوبہ بندی اور ڈائریکٹر جنرل صحت اور سیکریٹری صحت کی بذریعہ وڈیو لنک شرکت سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی اجلاس کو سیکریٹری محکمہ بہبود آبادی عبداللہ خان نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا

---

INTEKHAB QUETTA

## بڑھتی ہوئی آبادی اور صحت کی سہولیات کی عدم فراہمی سے متعلق وزیراعلیٰ ٹاسک فورس کا اجلاس

صوبے میں ایک لاکھ 40 ہزار بچوں کی غیر ارادی پیدائش، مانع حمل سے متعلق عوامی شعور کو بید...

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان و چیئرمین صوبائی ٹاسک

بقیہ نمبر 1 2 صفحہ 7 پر

فورس آن پاپولیشن میر عبدالقدوس بزنجو کی ہدایت پر بلوچستان کو درپیش بڑھتی ہوئی آبادی کے چیلنجز، خاندانی منصوبہ بندی، بچوں کی پیدائش میں وقفہ بڑھانے اور بڑھتی ہوئی آبادی کے باعث صحت کی سہولیات کے فقدان سے متعلق صوبائی ٹاسک فورس کے پہلے اجلاس میں صوبائی وزراء نور محمد دمڑ، سید احسان شاہ، صوبائی مشیر سردار مسعود خان لونی، صوبائی سیکرٹری بہبود آبادی، سیکرٹری سماجی بہبود، سیکریٹری ترقی نسواں، اقوام متحدہ کی نمائندہ برائے خاندانی منصوبہ بندی اور ڈائریکٹر جنرل صحت اور سیکریٹری صحت کی بذریعہ وڈیو لنک شرکت سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی اجلاس کو سیکریٹری محکمہ بہبود آبادی عبداللہ خان نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ بلوچستان کے صحت کے انڈیکیٹرز خطے میں سب سے نیچے ہیں اور صوبے میں ماں اور بچے کی صحت کی جانب مناسب توجہ نہیں دی جا رہی ہے جس کے باعث بلوچستان میں 1100 خواتین حمل کے دوران انتقال کر جاتی ہیں اور 29000 بچے سالانہ کی بنیاد پر مر رہے ہیں زیادہ آبادی کے باعث 54 فیصد بچے اسکولوں سے باہر ہیں اور صوبے کی لیبر فورس میں خواتین کی نمائندگی صرف 8 فیصد ہے بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ 2017 کی مردم شماری کے مطابق صوبے کی آبادی 12.3 کے تناسب سے بڑھ رہی ہے جو الارمنگ ہے انہوں نے مزید بتایا کہ صوبے میں ایک لاکھ 40 ہزار بچے غیر ارادی طور پر پیدا ہو رہے ہیں ان چیلنجز سے نمٹنے کے لئے پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کے استعداد کار اور بجٹ میں اضافہ کرنا ضروری ہے انہوں نے محکمہ بہبود آبادی کی افرادی قوت اور انفراسٹرکچر پر بھی اجلاس کو بریف کیا اس کے علاوہ خاندانی منصوبہ بندی کو حکومت کی ترجیحات میں شامل کرنے اور فیملی پلاننگ اور مانع حمل سے متعلق شعور اور آگہی کو مزید اجاگر کرنے، محکمہ بہبود آبادی کے بجٹ کو بڑھانے، محکمہ صحت کے ساتھ مربوط کوآرڈینیشن قائم کرنے، فیملی ویلفیئر کونسلرز تعینات کرنے اور ڈویژنل سطح پر محکمہ بہبود آبادی کے ڈائریکٹوریٹس کی تعمیر کے حوالے سے بھی اجلاس کو بریف کیا صوبائی وزراء نے اجلاس میں موقف اختیار کیا کہ وفاقی سطح پر آبادی کے تناسب سے وسائل کی تقسیم کی جاتی ہے

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

DATE: 19 APR 2023

Page No: 4

# کوئٹہ کے شہری کی فریاد صدر مملکت نے سن لی، ہدایات جاری

## انشورنس کمپنی کو شہری کو 157172 آسٹریلوی ڈالر کا مکمل ہیلتھ کلیم ادا کرنے کی ہدایت

### آسٹریلیا میں قیام کے دوران شہری کے والد کا دو بار ہسپتالوں میں علاج کیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) صدر، ڈاکٹر عارف علوی نے وفاقی انشورنس محتسب کا حکم برقرار رکھتے ہوئے کہا ہے کہ انشورنس کمپنی پالیسی ہولڈرز کے مفادات کے تحفظ ......... بقیہ 14 صفحہ نمبر 9 پر

کو یقینی بنانے کی پابند ہے۔ صدر نے یونائیٹڈ انشورنس کمپنی کو کوئٹہ میں ہزارہ برادری سے تعلق رکھنے والے محمد عباس ہزارہ شہری کو 157172 آسٹریلوی ڈالر کا مکمل ہیلتھ انشورنس کلیم ادا کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے انشورنس کمپنی کی اپیل مسترد کر دیا ہیں انشورنس کمپنی نے کمزور بنیادوں پر شہری کو انشورنس کلیم کی رقم ادا کرنے سے انکار کیا تھا۔ شکایت کنندہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے ایک شہری عباس ہزارہ نے کمپنی سے والد کے آسٹریلیا جانے کیلئے 50 ہزار امریکی ڈالر کی ہیلتھ انشورنس پالیسی لی آسٹریلیا میں قیام کے دوران شہری کے والد کا دو بار ہسپتالوں میں علاج کیا گیا

Scanned with CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

DATE: 19 APR 2023

Page No: 5


# آئندہ مالی سال کا بجٹ عوام کی ترقی و خوشحالی کا باعث بنے گا، زمرک اچکزئی

اگلے مالی سال کے دوران صوبے کے ترقی کیلئے ترقیاتی منصوبوں کے لئے اربوں روپے مختص کئے جائینگے اور عوام کو روزگار کے مواقع فراہم کرینگے

صوبائی حکومت عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لئے اقدامات کررہی ہے وصوبے کی واجبات ادا کرنے کے لیے وفاق سے رابطے میں ہیں، بائی وزیرخزانہ

بلوچستان کے مفادات پر کوئی سمجھوتہ نہیں اور عوام کو روزگار دینے کیلئے مختلف منصوبوں پر کام جاری، ہزاروں کی تعداد میں آسامیاں مختص کریں گے

کوئٹہ (آئی این پی) صوبائی وزیر خزانہ وخوراک انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا کہ آئندہ مالی سال کا بجٹ عوام کی ترقی وخوشحالی کا باعث بنے گا اس سال صوبے کے ترقی کے لئے ترقیاتی منصوبوں کے لئے اربوں روپے مختص کئے جائیں گے اور عوام کو روزگار کے مواقع فراہم کریں گے اور وفاق سے بھی ترقیاتی منصوبوں کے بارے میں بھی فنڈز مل جائے گی۔ اپنے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کی انتھک کوششوں سے صوبائی بجٹ بنایا جارہا ہے اس سال ترقیاتی منصوبوں کے لئے اربوں روپے مختص کئے جائیں گے.......... بقیہ نمبر 56 صفحہ 9 پر

اور صوبائی حکومت عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لئے اقدامات کئے جارہے وفاق اس بارے میں صوبے کی واجبات ادا کرنے کے لیے وفاق سے رابطے میں ہیں امید کرتے ہیں کہ وفاق اس سلسلے میں ہمارے ساتھ تعاون کریں گے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے مفادات پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے اور عوام کو روزگار دینے کے لئے مختلف منصوبوں پر کام جاری ہے اور اس سال ہزاروں کی تعداد میں آسامیاں مختص کریں گے انہوں نے کہا کہ عوامی نیشنل پارٹی حکومت میں رہتے ہوئے عوام کے ساتھ کئے گئے وعدوں کو پورا کریں گے ہماری تاریخ رہے ہیں کہ اے این پی اصولوں کی پاسداری کریں گے اور باچاخان کے نقش قدم پر چلتے ہوئے پشتونوں کے مسائل حل کریں گے۔

## وزیراعلیٰ کی قیادت میں صوبہ ترقی کی راہ پر گامزن ہے، بابر یوسفزئی

کسی فرد واحد کی وزیراعلیٰ پر الزامات کی کوئی حیثیت نہیں ہے، ترجمان وزیراعلیٰ

میر عبدالقدوس بزنجو کارکردگی کی بنیاد پر تیسری دفعہ بھی وزیراعلیٰ منتخب ہوں گے

کوئٹہ (آئی این پی) ترجمان وزیراعلیٰ بلوچستان بابر یوسفزئی نے گزشتہ روز ایک وفد سے ملاقات کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی قیادت میں صوبہ ترقی کی راہ پر گامزن ہے کسی فرد واحد کی وزیراعلیٰ پر الزامات کی کوئی حیثیت نہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو بلوچستان کی عوام کی خواہش اور بلوچستان کے لوگوں کی دعاؤں سے دوسری مرتبہ وزیراعلیٰ بنے ہیں اور جوان کی کارکردگی ہے انشاء اللہ امکان.......... بقیہ نمبر 79 صفحہ 9 پر

ہے کہ تیسری دفعہ بھی وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو منتخب ہوکر تاریخ رقم کریں گے۔ بابر یوسفزئی کا مزید کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کی قیادت اور قائدانہ صلاحیتوں کی بدولت آج ان کے بدترین مخالف بھی ان کے گن گاتے ہیں صوبے میں آج کوئی سیاسی بحران نہیں بلوچستان کے تمام منتخب نمائندوں کو وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو پر مکمل اعتماد ہے چند ایک سیاستدان اپنی سیاست زندہ رکھنے کے لئے بلاوجہ تنقید کرتے ہیں لیکن انشاء اللہ وزیراعلیٰ اپنی کارکردگی سے مخالفین کو جواب دیں گے۔ بابر یوسفزئی کا مزید کہنا تھا

Scanned with CamScanner

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 DATE: 19 APR 2023 Page No: 6


## چیف سیکرٹری کی زیر صدارت اجلاس، سیاسی جماعتوں کا مردم شماری کی مدت میں ایک ماہ اضافے کا مطالبہ

۔ اجلاس میں اب تک خانہ و مردم شماری کیلئے ہونے والے اقدامات اور حائل مشکلات اور کوتاہیوں کی نشاندہی [illegible]

عید کی چھٹیوں کے فوراً بعد مردم شماری کی مدت میں ایک ماہ کی مزید توسیع کی جائے تاکہ کوئٹہ میں حقیقی مردم شماری ہوجائے، عبدالرحمٰن رفیق، غلام نبی مری

آگاہی مہم نہیں چلائی جس کا نتیجہ یہ نکل آیا کہ کوئٹہ کی آبادی بڑھنے کی بجائے گھٹ گئی جو بہت بڑا المیہ ہے، حضرت عمر اچکزئی [illegible]

کوئٹہ (آئی این پی) چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی کی صدارت میں آج سول سیکریٹریٹ کوئٹہ میں خانہ شماری و مردم شماری میں کوئٹہ کی آبادی کم شمار کرنے کی وجوہات اور اس کے سدباب کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں........

بقیہ 4 صفحہ نمبر 9 پر

آل پارٹیز کانفرنس ضلع کوئٹہ کی نمائندہ وفد کے اراکین جمعیت علماء اسلام کے صوبائی سرپرست اور ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق، بلوچستان نیشنل پارٹی کے سنٹرل ایگزیکٹو کمیٹی اور ضلع کوئٹہ کے صدر غلام نبی مری، پشتونخواہ میپ کے صوبائی جوائنٹ سیکرٹری حضرت عمر اچکزئی، جمعیت علما اسلام، صوبائی جوائنٹ سیکرٹری مولانا خورشید احمد، ضلعی جنرل سیکریٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ اور بی این پی کے ضلعی کونسلر ناصر بلوچ ایڈووکیٹ کمشنر کوئٹہ ڈویژن سہیل الرحمان کمشنر محکمہ شماریات نور احمد پرکانی ڈپٹی کمشنر کوئٹہ شبک بلوچ اور دیگر نے شرکت کی۔ اجلاس میں اب تک خانہ و مردم شماری کیلئے ہونے والے اقدامات اور حائل مشکلات اور کوتاہیوں کی نشاندہی اور ان کی سدباب پر سیر حاصل گفتگو ہوئی، کوئٹہ کے حوالے سے خدشات کے متعلق دوٹوک موقف کا اظہار کیا

Scanned with CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 DATE: 19 APR 2023 Page No: 8


## پشتون اس ملک کے شہری، آئین انہیں تعلیم، تجارت کا حق دیتا ہے، پشتونخوا میپ

پشتونوں کو سرحدی علاقوں پر تجارت کی اجازت نہیں دی جارہی اور آئے روز اس پر بندش کے مختلف حیلے وبہانے استعمال کیئے جاتے ہیں، رحیم زیارتوال

وفاقی حکومت کی کمیٹی نے اسلحے ومنشیات کے علاوہ باقی تمام چیزوں کی تجارت کو باڈر ٹریڈ کا حصہ قرار دیا اس پر عمل کیا جائے، ڈاکٹر حامد اچکزئی عبدالقہار ودان

قلعہ عبداللہ (پ ر) ملک کی بقاء کیلئے تمام سٹیک ہولڈرز پر مشترکہ کانفرنس ناگزیر ہے، ملک میں آئین کی بالادستی اور اس پر ہرادارے کو عملدرآمد کرنا ہوگا، آئین ہی نے ملک کے اقوام کو یکجا رکھا ہوا ہے آئین سے انکار کی صورت میں ملک مزید بحرانوں کا شکار ہوگا، ملک میں پشتون عوام کے ساتھ جاری امتیازی سلوک کسی صورت قابل قبول نہیں، پشتون اس ملک کے شہری ہیں اور ملکی آئین انہیں ملک کے ہر کونے میں تعلیم، تجارت، رہائش اور زندگی گزارنے کا حق دیتا ہے، شناختی کارڈ، پاسپورٹ کے حصول میں رکاوٹیں، بلا جواز ہیں ملک.........

بقیہ نمبر 80 صفحہ 9 پر

کے ہر شہر میں پشتون افغان عوام کو جیلوں میں رکھنا قابل قبول نہیں، پشتون افغان دہشتگردی سے نفرت اور پرامن قوم ہے اور انسانیت پر یقین رکھتی ہے جبکہ پشتون افغان عوام خود دہشتگردی کا شکار ہیں۔ جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنماء اور وفاقی وزیر مذہبی امور مفتی عبدالشکور کی شہادت کا حادثہ انتہائی دردناک اور افسوسناک ہے، پشتونخوا میپ جمعیت علمائے اسلام اور مفتی عبدالشکور کے خاندان سے غم کی اس گھڑی میں برابر کی شریک ہیں

## پنجاب میں 90 دن میں الیکشن اور خیبر پشتونخوا کیلئے خاموشی، اصل جنگ تخت لاہور کی ہے، نواب رئیسانی

قرض کو سرخی پاؤڈر لگا کر دوسرے الفاظ میں فنانسنگ کہتے ہیں اور پھر انہی پیسوں سے غیر ضروری کاموں کی انجام دہی کی جاتی ہے سابق وزیراعلیٰ بلوچستان

بلوچ پشتون افغانستان اور ایران بلوچستان سے [illegible] اپنے ہی وطن میں لیکر کاروبار کرتے ہیں [illegible] سمگلنگ نہیں ہے۔ اظہار خیال

کوئٹہ (یو این اے) سابق وزیراعلیٰ بلوچستان وچیف آف ساراوان نواب محمد اسلم رئیسانی نے کہا ہے کہ آئین کے مطابق 90 دن میں انتخابات اور سپریم کورٹ کا پنجاب کیلئے 90 دن میں انتخابات اور خیبر پشتونخوا کیلئے خاموشی سے واضح ہے کہ یہ جنگ تخت لاہور کیلئے جبکہ باقی فیڈریشن میں جو بھی ہوں کوئی فرق نہیں پڑتا، قرض کو سرخی پاؤڈر لگا کر دوسرے الفاظ میں فنانسنگ کہتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا۔ نواب محمد اسلم رئیسانی نے کہا کہ آئین کے مطابق پنجاب وپشتونخوا کے انتخابات.........

بقیہ نمبر 70 صفحہ 9 پر

90 دن میں ہونے تھے لیکن سپریم کورٹ کا فیصلہ ہے کہ پنجاب کیلئے 90 دن میں الیکشن اور پشتونخوا کے لیے خاموش سے ظاہر ہے کہ اصلی جنگ تخت لاہور کی ہے، باقی فیڈریشن میں جو بھی ہو فرق نہیں پڑتا، اسی طرح بلوچ لاپتہ افراد کا معاملہ انصاف کیں ہاتھ تصاف کی ہے، حاکم محکوم کے لیے مختلف فیصلہ ہوتا ہے، انہوں نے کہا کہ اسلام کا قلعہ ایٹمی قوت کی عزت، قرض دار ہر جگہ خوار، قرض کو تھوڑا سا سرخی پاؤڈر لگا کر الفاظ میں کہتے ہیں۔

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily: JANG QUETTA
Bullet No. 2
DATE: 19 APR 2023
Page No: 8

# کوئٹہ: مردم وخانہ شماری میں آبادی کا کم ہونا المیہ ہے، آل پارٹیز

## مردم شماری کی مدت میں مزید ایک ماہ کی توسیع دی جائے، سیاسی رہنماؤں کی چیف سیکرٹری سے اجلاس میں بات چیت

کوئٹہ (سٹی ڈیسک) چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی کی صدارت میں سول سیکرٹریٹ کوئٹہ میں خانہ ومردم شماری میں کوئٹہ کی آبادی کم ہونے کی وجوہات اور اس کے سد باب کے حوالے سے اجلاس ہوا جس میں جمعیت کے صوبائی سرپرست اور ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق صوبائی جوائنٹ سیکرٹری مولانا خورشید احمد ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ بی این پی کی سنٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے میر غلام نبی مری پشتونخواہ میپ کے صوبائی جوائنٹ سیکرٹری حضرت عمر اچکزئی ایڈووکیٹ کمشنر کوئٹہ ڈویژن سہیل الرحمان کمشنر محکمہ شماریات نور احمد پرکانی ڈپٹی کمشنر کوئٹہ شہک بلوچ اور دیگر نے شرکت کی اجلاس میں اب تک خانہ ومردم شماری کے لئے ہونیوالے اقدامات اور مشکلات وکوتاہیوں کی نشاندہی اوران کی سدباب پر سیر حاصل گفتگو کی گئی انتظامیہ اور سیاسی جماعتوں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ کوئٹہ کے عوام نے غفلت ولاپرواہی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اس اہم قومی فریضے میں عدم دلچسپی کا مظاہرہ کیا اور کوئٹہ کی آبادی بڑھنے کی بجائے کم ہوگئی جو بہت بڑا المیہ ہے۔اس موقع پر آل پارٹیز کے قائدین نے اجلاس میں مطالبہ کیا کہ عید کی چھٹیوں کے فوراً بعد مردم شماری کی مدت میں ایک ماہ کی مزید توسیع دی جائے تاکہ کوئٹہ غفلت وکوتاہی کا ازالہ کیا جاسکے چیف سیکرٹری نے مطالبہ کو منظور کرانے کے لئے وفاقی حکومت سے بات کرنے کی یقین دہانی کرائی اور سیاسی جماعتوں کی جانب سے کئی مقامات پر ٹیمیں نہ پہنچنے کی نشاندہی کرنے پر موقع پر احکامات جاری کئے اور افسران کی کمی کی شکایت پر مزید افسران کی تعیناتی کے احکامات بھی جاری کئے اور مردم شماری کی شفافیت کو یقینی بنانے اور رہ جانے والے علاقوں کی مردم شماری مکمل کرنے کیلئے انتظامیہ، سیاسی جماعتوں اور سماجی تنظیموں کی کوآرڈینیشن کمیٹی بنائی گئی۔عید کے فوراً بعد سیاسی جماعتوں اور متعلقہ محکموں کے ذمہ داروں کا اجلاس بلانے کے احکامات بھی جاری کئے۔

# مردم شماری میں کوئٹہ کی آبادی 22لاکھ سے کم ہوگئی' بی این پی

## بڑھنے کی بجائے کم ہونا شکوک وشبہات کو جنم دے رہا ہے' مردم شماری کی مدت میں توسیع کی جائے

اسلام آباد (پ ر) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی بیان میں کہا گیا ہے کہ 2017ء کی مردم وخانہ شماری میں کوئٹہ کی آبادی 22لاکھ سے زائد تھی مگر پانچ سال بعد کوئٹہ کی آبادی بڑھنے کی بجائے کم ہوگئی جو کوئٹہ کے عوام کے ساتھ زیادتی کے مترادف ہے، عید کی چھٹیاں شروع ہونے کو ہیں، کوئٹہ میں خانہ ومردم شماری کی مدت میں توسیع ضروری ہے محکمہ شماریات کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ ان علاقوں جہاں خانہ شماری ومردم شماری شروع نہ ہوسکی ان کو مکمل کرنے کیلئے مردم شماری کا سلسلہ جاری رکھے کیونکہ بعض علاقوں کے بنیادی حقوق کو سلب کرنے کے مترادف عمل ہوگا جو کسی صورت قابل قبول نہیں، بی این پی سمیت تمام سیاسی جماعتوں کے اکابرین، رہنماء، کارکن، سول سوسائٹی سے تعلق رکھنے والے افراد کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ کوئٹہ کی آبادی کو کم کرنے کی سازشوں کو ناکام بنائیں۔بیان میں کہا گیا کہ جس طرح کراچی کو کئی بار خانہ ومردم شماری مکمل کرنے کیلئے وقت دیا گیا اسی طرح کوئٹہ میں یہ مرحلہ مکمل ہونے تک مردم شماری کا عمل جاری رکھا جائے اس کے برعکس یقیناً عوامی نمائندے اور سیاسی جماعت ہونے کے ناطے زیادتیوں وناانصافیوں کے خلاف ہر فورم پر آواز بلند کی جائے گی۔

# وڈیرہ یا سردار کا بیٹا ہوتا تو آج جیل سے باہر ہوتا' مولانا ہدایت الرحمان

## جس دن انصاف سے اعتبار اٹھ گیا پہاڑوں کا رخ کرلونگا' عوام کی جدوجہد جاری رہے گی' گفتگو

گوادر (این این آئی) حق دو تحریک کے بانی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا ہے کہ میر، وڈیرہ اور سردار کا بیٹا ہوتا شاید آج جیل سے باہر ہوتا، آئین اور قانون پر چلنے والے سیاسی لوگ ہیں، ریاست، عدالت و آئین کو مانتا ہوں کہ بار بار عدالتوں کے سامنے پیش ہو رہا ہوں کہ انصاف ملے گا جس دن عدالتوں سے میرا اعتبار اٹھ گیا تو میں بھی پہاڑوں کا رخ کروں گا، مسلسل ضمانت مسترد ہونے پر افسوس ہوتا ہے، جدوجہد سے کسی صورت دستبردار نہیں ہوں گے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوادر سیشن کورٹ میں پیشی کے دوران میڈیا اور کارکنوں سے اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ میری ضمانت اس لئے مسترد ہو رہی ہے کہ میں میر، نواب، چوہدری اور کسی سردار نہیں بلکہ ایک عام سیاسی کارکن و گوادر کے مچھیرے کا بیٹا ہوں۔انہوں نے کہا کہ اگر میں چاہوں تو عمران خان کی طرح دس بیس ہزار لوگ لاسکتا ہوں مگر میں اس لئے اس طرح کے اقدام سے گریز کر رہا ہوں کہ میں آئین وقانون کو مانتا ہوں اور دوسری جانب پولیس اپنے گواہان کو پیش نہیں کررہی اور تاخیری حربے استعمال کررہی ہے۔انہوں نے کہا جو عدالتوں کو نہیں مانتے وہ آج اسلحہ اٹھا کر پہاڑوں پر لڑ رہے ہیں۔میں ریاست، عدالت و آئین کو مانتا ہوں کہ ہر بار پیش ہو رہا ہوں کہ مجھے انصاف ملے گا جس دن میرا اعتبار اٹھ گیا تو میں بھی پہاڑوں کا رخ کروں گا۔انہوں نے کہا کہ کسی کو اگر یہ امید ہے کہ جیل کی صعوبتوں سے تنگ آکر میں معافی مانگوں گا تو یہ انکی

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

DATE: 19 APR 2023

Page No: 10

# پولیس سے فائرنگ کا تبادلہ 2 رہزن ہلاک

## عوام کے تعاون سے جرائم کا خاتمہ کرینگے زوہیب محسن

**پشتون آباد میں تین رہزنوں نے ایک شہری سے موبائل فون چھینا جس نے گشت پر مامور پولیس اہلکاروں کو اطلاع دی ٗ ملزمان نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کردی جس سے ایک اہلکار زخمی ہوگیا**

**ایک رہزن موقع پر جبکہ دوسرا ہسپتال میں دم توڑ گیا ٗ اسلحہ موبائل فون اور موٹر سائیکل تحویل میں لے لیا گیا ٗ عید پلان کے تحت سیکورٹی انتظامات سخت کئے گئے ہیں ایس ایس پی آپریشنز**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پشتون آباد میں پولیس اور رہزنوں میں فائرنگ کا تبادلہ دو رہزن ہلاک ایک زخمی حالت میں گرفتار ٗ اسلحہ ٗ موبائل فون اور موٹر سائیکل قبضے میں لے لئے گئے فائرنگ سے ایک پولیس اہلکار بھی زخمی ہوا۔ ہلاک ہونیوالے رہزن موبائل اور موٹرسائیکلیں چھیننے کے متعدد واقعات میں ملوث تھے پولیس کے مطابق پشتون آباد میں گزشتہ روز پولیس اور رہزنوں میں فائرنگ کا تبادلہ ہوا جس کے نتیجے میں ایک رہزن عطا محمد موقع پر ہی ہلاک جبکہ دو زخمی ہوگئے جنہیں زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا فائرنگ سے ایک پولیس اہلکار عبدالسلام زخمی ہوا۔ اطلاع ملنے پر پولیس کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر لاش اور زخمیوں کو ہسپتال پہنچایا۔ جہاں زخمی رہزن عطاءاللہ بھی زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے ہلاک ہو گیا پولیس نے اسلحہ ٗ موبائل فونز اور موٹر سائیکل قبضے میں لے لئے۔ ایس ایس پی آپریشنز زوہیب محسن نے جنگ کو تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ گزشتہ شب پولیس کے تین جوان پشتون آباد میں گشت کررہے تھے اس دوران ایک شہری شور مچاتا ہوا آیا اور جوانوں کو بتایا کہ تین موٹر سائیکل سواروں نے اس سے موبائل فون چھین لیا جس پر پولیس کے جوانوں نے تعاقب کیا رہزنوں نے پولیس پر فائرنگ شروع کردی جس کے نتیجے میں کانسٹیبل عبدالسلام زخمی ہوگیا جبکہ دیگر جوانوں نے بھی جرات کا مظاہرہ کرتے ہوئے جوابی فائرنگ کی جس کے نتیجے میں ایک رہزن عطا محمد موقع پر ہی ہلاک جبکہ دو رہزن عطاءاللہ اور نور خان شدید زخمی ہو گئے ہسپتال میں دوران آپریشن عطاءاللہ بھی ہلاک ہو گیا جبکہ تیسرے کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا ہے لاشیں سول ہسپتال کے مردہ خانے میں رکھوادی گئی ہیں انہوں نے کہا کہ کوئٹہ پولیس عوام کی جان و مال کے تحفظ کے ساتھ جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع کرنے میں کوئی کسر باقی نہیں چھوڑے گی انہوں نے کہا کہ رواں ماہ درجنوں گاڑیاں و موٹر سائیکلیں اور چوری ڈکیتی میں ملوث گروہ کے 30 سے زائد ملزمان کو گرفتار کرکے لوٹی ہوئی رقم اور دیگر سامان برآمد کرلیا گزشتہ دنوں غوث آباد میں موبائل فونز شاپ پر ڈکیتی کرنے والے ڈکیت کو گرفتار کرکے 51 موبائل فونز برآمد کئے انہوں نے کہا کہ شہر بھر میں سیکورٹی اور گشت میں اضافہ کردیا جبکہ اسپیشل ناکے بھی لگائے گئے ہیں عوام کے تعاون سے شہر کو جرائم سے پاک کیا جائے گا۔

## کوئٹہ پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی،14 ملزمان گرفتار

**بھاری مقدار میں منشیات قبضے میں لے لی گئی ،ایک رکشہ بھی برآمد کرلیا گیا**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 14 ملزمان کو گرفتار کرکے موٹر سائیکل ، گاڑی ، رکشہ ، اسلحہ اور منشیات قبضے میں لے لی۔ پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ زوہیب محسن کی ہدایت پر کوئٹہ پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن کیا ۔ایس ایچ او ایئرپورٹ تھانہ عبدالحئی بلوچ نے دوران چیکنگ گاڑی کے خفیہ خانوں میں چھپائی گئی 20 کلو چرس برآمد کرکے منشیات اسمگلر ظفر اللہ کو جبکہ ایس ایچ او صدر کامران بھٹی نے دیگر عملے کے ہمراہ دوران گشت ایک کلو چرس برآمد ہونے پر ملزم محمد رحیم گرفتار کرلیا، جبکہ ایس ایچ او سریاب احسان مروت نے کارروائی کرتے ہوئے ایوب کے قبضے سے 2 کلو 800 گرام چرس آصف کے قبضے سے 2140 گرام چرس برآمد کرکے قبضے میں لی جبکہ ملزم منور، احسن کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے دو پسٹل برآمد کرلیا محمد نعیم کے قبضے سے ایک رکشہ برآمد کرلیا گیا جبکہ ایس ایچ او نیو سریاب خیر محمد نے دیگر عملے کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے 3 ملزمان خیر بخش ،جلیل ، اور فرہاد کو گرفتار کرکے مسروقہ سامان قبضے میں لے لیا، ایس ایچ او شالکوٹ عابد مینگل نے دیگر عملے کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے قتل کے مقدمے میں 15 سال سے اشتہاری ملزم غلام حسین ، نیاز ، وقار، امیر محمد، کو گرفتار کرکے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کرلی، تھانہ شہید امیر محمد دستی کے عملے نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم عصمت اللہ کے قبضے سے ایک پسٹل بمعہ راؤنڈز برآمد کرکے قبضے میں لے لیا۔

## نوجوان سے موٹر سائیکل چھین لی گئی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچی اسٹریٹ میں نامعلوم مسلح افراد نے نوجوان سے موٹر سائیکل چھین کر فرار ہوگئے۔ پولیس کے مطابق جان محمد روڈ کے علاقے لعل کالونی کا رہائشی نوجوان بلال احمد موٹر سائیکل پر گزشتہ شب بلوچی اسٹریٹ سے جارہا تھا کہ دو نامعلوم مسلح افراد نے اسلحے کے زور پر اس سے موٹر سائیکل چھین کر فرار ہوگئے پولیس نے ملزمان کیخلاف مقدمہ درج کرکے تلاش شروع کردی۔

## نوحصار میں فائرنگ سے سیکورٹی گارڈ جاں بحق

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نوحصار میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے نجی سیکورٹی گارڈ جاں بحق ہوگیا پولیس کے مطابق نوحصار میں نجی ہاؤسنگ اسکیم نجی سیکورٹی گارڈ جمعہ خان ڈیوٹی سرانجام دے رہا تھا کہ نامعلوم افراد اس پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہو گئے فائرنگ کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی دم توڑ گیا۔ اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش کو ہسپتال پہنچایا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کردی گئی۔ پولیس نے بتایا مقتول کا تعلق لکی مروت سے تھا۔

Scanned with CamScanner

عوامی مسائل

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: INTEKHAB QUETTA

DATE: 19 APR 2023

Page No: 11

Bullet No. 4

## تنخواہوں کی عدم ادائیگی، میونسپل کارپوریشن ملازمین نے دفتر کو تالے لگا دیئے

**میونسپل کارپوریشن حب کے ملازمین کا کام چھوڑ ہڑتال کا اعلان، مطالبات تسلیم نہ ہونے کی صورت میں احتجاج کا دائرہ وسیع کرنے کی دھمکی**

حب (نمائندہ انتخاب) تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر میونسپل کارپوریشن حب کے ملازمین سراپا احتجاج، دفتر کو تالے لگا دیئے کام چھوڑ ہڑتال کا اعلان کر دیا گیا، مطالبات تسلیم نہ ہوئے تو احتجاج کو وسعت دی جائے گی ملازمین کی دھمکی، بلدیاتی ملازمین کے احتجاج کے سبب بقیہ نمبر 78 صفحہ 7 پر

شہری مسائل میں اضافے کا خدشہ تفصیلات کے مطابق وفاقی و صوبائی حکومت کی جانب سے عید الفطر سے قبل 17 اپریل کو سرکاری ملازمین کو تنخواہیں جاری کرنے کے اعلان و نوٹیفکیشن کے باوجود میونسپل کارپوریشن حب کے ملازمین کو تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر احتجاجاً دفتر کی تالہ بندی اور کام چھوڑ کر تنخواہوں کی ادائیگی کیلئے سوک سینٹر کے سامنے احتجاج کیا اور وزیر اعلیٰ بلوچستان اور صوبائی وزیر بلدیات سے تنخواہیں ریلیز کرانے کا مطالبہ کیا اس موقع پر میونسپل کارپوریشن حب کے احتجاجی ملازمین سے عبدالمجید بلوچ اور عبدالوہاب نے خطاب و میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی اور صوبائی حکومت نے تمام سرکاری ملازمین کو عید الفطر سے قبل 17 اپریل 2023 کو تنخواہیں جاری کرنے کا اعلان کیا اور بعد ازاں اسکی نوٹیفکیشن جاری ہوئی اور دیگر تمام سرکاری محکموں کو عید الفطر کی تنخواہیں جاری ہوئی لیکن بد قسمتی سے میونسپل کارپوریشن حب کے ملازمین کو تا حال تنخواہیں ادا نہیں کی جاری اور نہ ہی انہیں الاؤنس دیا جارہا ہے عید کے موقع پر تنخواہیں نہ ملنے پر بلدیہ حب کے ملازمین اور انکے بچے عید کی خوشیوں سے محروم ہو گئے بلوچستان کے دیگر سرکاری محکموں کے ملازمین کو تنخواہیں جاری ہو چکے ہیں تو میونسپل کارپوریشن حب کے ملازمین کو تنخواہیں ادا کیوں نہیں کئے جارہے آخر ان کا قصور ہے انھوں نے کہا کہ بلدیہ حب و نسیلہ کے ملازمین کے ساتھ ہمیشہ سے اس طرح کا ظلم ہوتا آرہا ہے اور وقت پر انہیں تنخواہیں ادا نہیں جاتی عید الفطر سر پر لیکن بلدیہ حب کے ملازمین تنخواہوں سے اب تک محروم ہیں

92 نیوز کوئٹہ

## عید قریب آتے ہی ڈکیتی وارداتوں میں اضافہ انتظامیہ غافل

**مہنگائی نے جینا دوبھر کر دیا، روزگار نہ ہونے کی وجہ سے پڑھا لکھا طبقہ بھی چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث**

**پڑھے لکھے نوجوانوں کو سنگین جرائم سے بچانے کے لئے حکومت روزگار کے مواقع فراہم کرے، عوامی حلقے**

کوئٹہ (کرائم رپورٹر) عید قریب آتے ہی رہزنی اور چوری کی وارداتوں میں اضافہ ہوگیا، مہنگائی اور بے روزگار سے تنگ افراد سنگین وارداتوں میں ملوث پائے جارہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق کوئٹہ سمیت صوبے بھر میں ماہ رمضان کے آخری عشرے میں رہزنی، ڈکیتی اور چوری کی وارداتوں میں اضافہ ہوگیا ہے دوسری جانب عید کی بھی آمد آمد ہے ایک طرف مہنگائی کا طوفان نے عوام کا جینا دوبھر کر دیا ہے دوسری جانب بے روزگاری نے نوجوان نسل کو وارداتیں کرنے پر مجبور کر دیا ہے۔ گزشتہ روز سول لائن پولیس تھانہ کی حدود میں جوائنٹ روڈ کے رہائشیوں نے نوجوانوں دکان کے تالے توڑتے ہوئے پکڑا جس نے اہل محلہ کو بتایا کہ تعلیم یافتہ ہے لیکن روزگار نہ ہونے اور گھر میں فاقوں کی وجہ سے چوری کرنے پر مجبور ہوا ہوں شہر میں سنگین وارداتوں میں اضافے کی وجہ بھی روزگار نہ ہونے اور مہنگائی ہے گزشتہ روز بھی سریاب مل کے علاقے میں نامعلوم چوروں نے فائرنگ کر کے ایک نوجوان کو موت کے گھاٹ اتار دیا تھا سنجیدہ حلقوں نے ارباب اختیار سے مطالبہ کیا کہ مہنگائی اور بے روزگاری پر قابو نہ پایا گیا تو حالات مزید خراب ہونگے اور بے روزگار نوجوانوں کو ان وارداتوں سے روکنا مشکل ہو جائے گا لہذا نوجوان اور پڑھے لکھے افراد کو سنگین وارداتوں سے بچانے کیلئے حکومت روزگار کے موقع فراہم کرے اور مہنگائی کو قابو کرنے کیلئے اقدامات کرے۔

## وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار کو رقم کی ادائیگی

**این ایچ اے سوراب تا ہوشاب موٹر وے کیلئے اراضی ادائیگی میں ٹال مٹول کر رہا تھا**

کوئٹہ (پ ر) وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ میں لاتعداد درخواست گزاروں نے درخواست دائر کی تھی کہ این ایچ اے نے ان کی زمینوں پر سوراب سے ہوشاب تک ہائی وے بنایا تھا مگر کئی سال گزرنے کے باوجود این ایچ اے اور ضلع انتظامیہ ان کی زمینوں کی رقم دینے میں ٹال مٹول سے کام لے رہی تھی۔ کئی علاقہ متاثرین نے وفاقی محتسب کے در پر دستک دی اور انصاف طلب کیا۔ درخواستیں موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کے سینئر ترین افسران نے معاملے کی مکمل جانچ پڑتال کی۔ کیس کی انکوائری کے دوران این ایچ اے کے اعلیٰ افسران کو دفتر طلب کیا گیا اور حق داروں کو ان کا حق ادا کرنے کیلئے پابند کیا گیا۔ وفاقی محتسب کے احکامات ملنے کے فوری بعد این ایچ اے کے سینئر افسران نے درخواست گزاروں کی زمین کی مد میں ساڑھے پانچ کروڑ روپے کی ادائیگی کر دی جبکہ بقایا رقم آنے والے تین ماہ میں دیے جائیں گے۔ احکامات موصول ہوتے ہی درخواست گزاروں نے ایک بار پھر وفاقی محتسب کا رخ کیا مگر آپ کی بار ان کی آنکھوں میں شکوہ نہیں بلکہ شکریہ دکھائی دے رہا تھا۔ درخواست گزاروں کا کہنا تھا کہ ہم نے ضلعی انتظامیہ اور این اے کے ہر در پر دستک دی مگر کوئی دروازہ ہم پر واہ نہیں ہوا۔ خدا کا شکر کے وفاقی محتسب نے ہم مظلوموں کی درخواستوں پر فیصلہ سنایا اور بالآخر بغیر کسی فیس کے کروڑوں روپے کی رقم عوام کو دلوا دی گی۔ وفاقی محتسب وہ عوامی ادارہ ہے جو عوام کی فلاح کے لئے دن رات ایک کیے ہوئے ہے۔

Scanned with CamScanner

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 5 DATE: 19 APR 2023 Page No: 12


# اسمگلرز منافع خور اور ذخیرہ اندوز مافیا کے خلاف ملک گیر کریک ڈاؤن کا فیصلہ

وزیراعظم شہباز شریف نے واضح کیا ہے کہ عوام کو سمگلروں، ناجائز منافع خوروں اور ذخیرہ اندوزوں کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑا جاسکتا لوگوں کو ستانے والے عناصر سے حساب لیا جائے گا چینی کی اسمگلنگ ذخیرہ اندوزی اور منافع خوری کے خلاف ملک گیر کریک ڈاؤن کر کے ملوث کرداروں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹنا اور سخت سزائیں دی جائیں گی انہوں نے چینی کی قیمت کنٹرول کرنے کے لئے موثر اقدامات بروئے کار لانے اور ذخیرہ اندوزوں سے پکڑی جانے والی چینی عوام کو ارزاں نرخوں پر فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ بلوچستان حکومت نے بھی آٹے اور گندم سمیت غذائی اشیاء کی بیرون ملک اسمگلنگ اور ذخیرہ اندوزی روکنے کے لئے وفاقی کی ہدایت پر خصوصی اقدامات اٹھانے کی منظوری دے دی ہے کیونکہ زیادہ تر اسمگلنگ بلوچستان سے ملنے والی سرحدوں کے راستے ہورہی ہے یہ معاملہ وفاقی وزیرداخلہ کی زیرصدارت اجلاس میں بھی زیرغور آیا ہے اور وفاقی وزارت داخلہ نے اس حوالے سے چیف سیکرٹری بلوچستان کو ہدایات بھی جاری کی ہیں گندم آٹے چینی اور دیگر اشیاء خوردونوش کی قیمتوں میں نہ صرف مسلسل اضافہ ہورہا ہے بلکہ عوام کو ان کی قلت کے مسئلے کا بھی سامنا ہے اسمگلنگ اور قلت کی وجہ سے ان کے نرخوں میں بھی مسلسل اضافہ ہورہا ہے چینی کے نرخ 140, 150 روپے فی کلو تک پہنچ چکے ہیں صورتحال سے فائدہ اٹھانے اور عوام کی جیبوں پر ڈاکہ ڈالنے کے لئے منافع خور اور ذخیرہ اندوز مافیا پوری طرح متحرک ہوچکا ہے پنجاب کے مختلف علاقوں میں ذخیرہ اندوزی کے خلاف کارروائی کے دوران چینی کی بھاری مقدار ضبط کی جاچکی ہے جو چھپا کر رکھی گئی تھی۔ وزیراعظم سمگلروں ذخیرہ اندوزوں اور منافع خوروں کے خلاف جس ملک گیر کریک ڈاؤن اور ان سے آہنی ہاتھوں سے نمٹنے کے جس عزم کا اظہار کیا ہے اسے ترجیحی بنیادوں پر عملی شکل دی جائے۔ عوام طویل عرصے سے مافیاز کی چیرہ دستیوں کا شکار ہیں سمگلروں، ذخیرہ اندوزوں اور منافع خوروں نے عوام کی جیبوں پر ڈاکہ ڈالنے کا سلسلہ کسی رکاوٹ کے بغیر جاری رکھا ہوا ہے کیونکہ انہیں حکومتوں اور انتظامیہ کے اندر طاقتور عناصر کی پشت پناہی حاصل ہوئی ہے سرحدوں سے سمگلنگ اس کے بغیر کسی صورت ممکن نہیں ہوسکتی وفاقی اور صوبائی حکومتوں کو اس پر بھی توجہ دینی چاہئے کہ آخر سرحدوں سے غذائی اشیاء بیرون ملک کیسے سمگل ہوتی ہیں اس میں جو محکمے اور ان کے اہلکار ملوث ہیں ان کے خلاف بھی کریک ڈاؤن ضروری ہے حکومت اگر یہی کر لے تو آدھے سے زیادہ مسائل حل ہوجائیں گے عوام کو حکومتی اعلانات اور یقین دہانیوں کی ضرورت ہے وہ عملی اقدامات اور ان کے نتائج دیکھنا چاہتے ہیں۔

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Set No. 5 DATE: 19 APR 2023 Page No: 12

# وسیع تر ڈائیلاگ یا ایک نکاتی ایجنڈا، مکالمہ ناگزیر ہے!!

وزیراعظم شہباز شریف نے گزشتہ روز قومی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے اس رائے کا اظہار کیا ہے کہ اس وقت ہمارا ملک بڑے اور سنگین چیلنجز سے گزر رہا ہے معاشی چیلنج سنگین ہے زرمبادلہ کے ذخائر پر دباؤ ہے انہوں نے زرمبادلہ، آئی ایم ایف کی شرائط اور ساتھ ہی سعودی عرب سے مزید دو ارب ڈالرز کی فراہمی پر بھی بات کی اور کہا کہ ملک بڑے معاشی چیلنج سے گزر رہا ہے یقیناً وزیراعظم شہباز شریف نے جس رائے کا اظہار کیا ہے وہ عین مبنی بر حقیقت ہے یہ بات اب کسی سے پوشیدہ و مخفی نہیں رہی کہ ہمیں سنگین معاشی مسائل کا سامنا ہے جبکہ بدترین سیاسی بحران بھی کسی المیے سے کم نہیں جاری سیاسی بحران سے متعلق ابھی یہ امید ہو چلی ہے کہ جلد ہی فریقین بیٹھ جائیں گے جماعت اسلامی اس حوالے سے نہ صرف ایکٹیو ہو چکی ہے بلکہ اس نے حکومت اور پی ٹی آئی قیادت سے روابط و ملاقاتیں کر کے مذاکرات بابت گرین سگنل بھی لے لیا ہے غالب امکان ہے کہ عیدالفطر کے فوراً بعد کل جماعتی کانفرنس منعقد ہوگی اور مذاکرات و مکالمے کے لئے جہاں ایک طرف جہاں پی ٹی آئی نے بھی اس بابت عملی پیشرفت کرتے ہوئے تین رکنی کمیٹی تشکیل دی ہے وہاں حکمران اتحاد میں شامل جماعتوں نے بھی فعالیت و سرگرمی کا مظاہرہ شروع کر دیا ہے ملک میں سیاسی بحران کا حل تلاش کرنے کے لیے اتحادی متحرک ہوگئے۔ پیپلز پارٹی کے وفد اور مسلم لیگ (ن) کے رہنماؤں کے مابین گزشتہ روز ایک ملاقات ہوئی ہے جس کے بعد میڈیا سے گفتگو میں یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ حالات گھمبیر ہیں، اداروں میں تصادم ملک کے مفاد میں نہیں۔ اس موقع پر وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ ضد اور انا پرستی کی سیاست نے ملک کو بحران سے دوچار کیا ہے، سیاسی جماعتوں کی ذمہ داری ہے کہ ڈائیلاگ سے صورتحال بہتر کریں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اپوزیشن سے مذاکرات شروع کرنے کے حوالے سے اتحادیوں میں اتفاق رائے پیدا کرنے اتحادی جماعتوں کے سربراہان کے اجلاس میں کیا طے ہوتا ہے سردست کچھ نہیں کہا جا سکتا تاہم دوسری جانب پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماؤں کے وفد نے اس حوالے سے عوامی نیشنل پارٹی سے بھی گزشتہ روز ہی رابطہ کر لیا تھا جو ان کی قیادت کی موجودہ بحران پر سیاسی جماعتوں کے درمیان مذاکرات کے لیے ایک سازگار ماحول فراہم کرنے کی کوشش ہے۔ سینیٹر یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ پی پی پی کے وفد نے پارٹی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور آصف علی زرداری کی ہدایت پر مذاکرات کے لئے اے این پی سے ملاقات کی ہے ان کا کہنا تھا کہ آئین کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ تمام ادارے اپنی آئینی حدود میں رہ کر اپنے اختیارات استعمال کریں گے، اب ہماری پارٹی بلوچستان نیشنل پارٹی، ، متحدہ قومی موومنٹ، بلوچستان عوامی پارٹی اور دیگر جماعتوں کی قیادت سے رابطے کرے گی۔ اس موقع پر اے این پی کے سیکریٹری جنرل میاں افتخار حسین نے ملاقات کو پی پی پی کی جانب سے ایک اچھا اقدام قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی جماعتیں پارلیمنٹ کی بالادستی اور تمام اداروں کو ان کی آئینی حدود میں رہنے کو یقینی بنانے کے لیے یکجا ہوں گی۔ اے این پی کے ترجمان زاہد خان نے کہا کہ کثیر الجماعتی کانفرنس کے حوالے سے اے این پی کا ایک وفد ایم کیو ایم سے بھی ملاقات کرے گی اس بابت منگل کو مزید پیشرفت ہوئی ہے اور عین ممکن ہے کہ ان سطور کے شائع ہونے تک مزید اچھی اور تعمیری پیش رفت ہوئی ہو اور اس بابت مثبت و تعمیری پیشرفت ہونی بھی چاہئے اپنے قیام سے لے کر آج دن تک وطن عزیز پاکستان نے پچھلی پون صدی کے دوران ہر طرح کے حالات کا سامنا کیا ہے نشیب فراز آتے رہے، مختلف اوقات میں مختلف مسائل کا ہمیں سامنا رہا، قیام پاکستان کے فوراً بعد وسائل کی بدترین قلت سے لے کر آئینی و انتظامی بحرانات تک، کبھی قدرتی آفات کا ہمیں سامنا رہا تو کبھی ناعاقبت اندیش پڑوسی کی مسلط کردہ جنگوں کا ہم نے ڈٹ کر مقابلہ کیا، جمہوری اقدار پر قدغنوں کا ذکر ہو یا ریفرنڈم اور ایمرجنسیز تک حتیٰ کہ نائن الیون کے بعد بدترین دہشت گردی کی پے در پے لہروں، وبائی حالات، موسمی تبدیلی اور ماحولیاتی مسائل تک ہم نے ہر طرح کے حالات و واقعات کا سامنا کیا ہے لیکن اس وقت جن حالات کا ہمیں سامناہ ہے مبصرین و تجزیہ کار اور خود سیاسی قیادت بھی اس بات کا اعتراف کرتی دکھائی دیتی ہے کہ آج سے قبل ہمیں ان حالات کا کبھی سامنا نہیں کرنا پڑا ایک طرف سنگین معاشی مسائل دوسری طرف ملک میں تاریخ کا بدترین سیاسی عدم استحکام، ایک دوسرے کو برداشت نہ کرنے کی خو، ایک دوسرے کے خلاف الزامات در الزامات کی سیاست، جلسے جلوسوں اور میڈیا پر آ کر عدلیہ اور ججز سے متعلق ریمارکس یہ معاملات کسی بھی لحاظ سے بحیثیت قوم ہمارے لئے درست نہیں ہمیں ان حالات سے خود کو نکالنا ہوگا اور ظاہری بات ہے کہ باہر سے آ کر کسی نے ہمارے مسائل کا حل نہیں نکالنا ہم نے خود بیٹھ کر حالات کا فہم و ادراک کرنا ہے سیاستدانوں نے اپنے گریبانوں میں جھانک کر مستقبل کی حکمت عملی طے کرنی ہے میڈیا نے اپنا قبلہ درست کرنا ہے وکلاء، بار کونسلز اور سول سوسائٹی نے اپنی حدود و قیود کا از سر نو تعین کر کے ادارہ جاتی استحکام، اصلاح، بہتری اور تبدیلی کے عمل کو آگے بڑھانا ہے یہ وقت کی ضرورت بھی ہے اور حالات کا تقاضہ بھی جس سے اغماض برتنا افسوسناک ہوگا پس لازم ہے کہ پہل سیاسی قیادت کرے ملک و قوم کو درپیش مسائل و مشکلات اور بحرانوں کے تناظر میں سر جوڑ کر بیٹھے عید کے فوراً بعد بیٹھا جائے جماعت اسلامی کی مجوزہ کل جماعتی کانفرنس کی ان دنوں صدائے بازگشت جاری ہے سردست میڈیا پر جو خبریں رپورٹ ہوئی ہیں ان کے مطابق جماعت اسلامی کی مجوزہ اے پی سی میں حکومت اور اپوزیشن بشمول وزیراعظم شہباز شریف و چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان سمیت تمام سیاسی قیادت کو دعوت دی جائے گی اور بیٹھ کر صرف اس نکتے پر اتفاق رائے کی کوشش کی جائے گی کہ انتخابات کا انعقاد کب ہو ہم یہ سمجھتے ہیں کہ اس وقت وسیع تر ڈائیلاگ کی ضرورت ہے اور بھلے بیٹھ کر صرف اسی ایک نکتے پر غور ہو کہ انتخابات کب منعقد ہونے ہیں یا پھر دیگر بحرانات کو بھی زیر غور لایا ایجنڈا ایک نکاتی ہو یا پھر ہمہ گیر اور تمام بحرانوں کا آئینہ دار یہ آنے والے دنوں میں طے ہوان ہے تاہم مکالمہ ناگزیر ہے اور مکالمہ بھی مثبت و تعمیراتی جس کے بغیر موجودہ جاری بحران سے نکلنے کی کوئی سبیل ہمیں تو نظر نہیں آتی۔

Scanned with CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ DATE: 19 APR 2023 Page No: ________



کوئٹہ' گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے وی سی لسبیلہ یونیورسٹی پروفیسر دوست محمد بلوچ ملاقات کررہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ سے سردار امجد خان ترین اور سردار اکبر ترین ملاقات کررہے ہیں

Scanned with CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.________ DATE: 19 APR 2023 Page No: ________



وزیراعلیٰ بلوچستان وچیئرمین صوبائی ٹاسک فورس آن پاپولیشن میر عبدالقدوس بزنجو
کی ہدایت پر صوبائی ٹاسک فورس کے پہلے اجلاس میں صوبائی وزراء اور دیگر متعلقہ حکام شریک ہیں

Scanned with CamScanner